سوال

(458) تیمم کرنے والے امام کے پیچھے نماز کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی صحیح شرعی عذر سے اگر امام تیمم کر کے جماعت کرا دیوے تو جائز ہے یا نہیں؟ اگر بھول کر امام قرآت بلند کی جگہ خفیہ پڑھے یا خفیہ کی جگہ بلند پڑھے تو سجدہ سہو پڑتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تیمم والے امام کی جب اپنی نماز صحیح اور درست ہے تو مقتدی کی کیوں نہ ہو جہریہ نماز کو خفیہ اور خفیہ کو جہریہ پڑھنے سے سجدہ سہو پڑ جاتا ہے۔ (فتاویٰ غزنویہ ص ۴۷)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 186۔187

محدث فتویٰ